یونٹ 1

# آپریٹنگ سسٹم: ساخت اور خدمات

www.ilmkidunya.com

## حاصلات تعلم:

**اس باب کے اختتام تک، آپ اس قابل ہو جائیں گے کہ:**

- آپریٹنگ سسٹم کی تعریف کر سکیں اور اس کے کردار کی وضاحت کر سکیں کہ یہ صارف اور ہارڈ ویئر کے درمیان بطور رابطہ (Interface) کیسے کام کرتا ہے۔
- متعدد صارف اکاؤنٹس کو سنبھالنے میں آپریٹنگ سسٹم کی ذمہ داریوں کی شناخت کر سکیں۔
- کرنل (Kernel) اور شیل (Shell) کے درمیان فرق بتا سکیں، بشمول ان کے مخصوص افعال۔
- آپریٹنگ سسٹم کی تہوں (OS Layers) اور ہر تہہ ایک دوسرے کے ساتھ کیسے باہمی رابطہ کرتی ہے، کی وضاحت کر سکیں۔
- آپریٹنگ سسٹم کے کردار میں سسٹم لائبریریوں اور ڈیوائس ڈرائیورز کے کردار کی شناخت کر سکیں۔
- پروسیس لائف سائیکل کے مراحل (تخلیق، عملدرآمد، اختتام) کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کر سکیں اور فرسٹ۔کم، فرسٹ۔سروڈ (FCFS) پروسیس شیڈولنگ کو لاگو کر سکیں۔
- ملٹی ٹاسکنگ اور ہم آہنگی (Concurrency) کی وضاحت کر سکیں، اور ایک حقیقی دنیا کی مثال دے سکیں۔
- پرائمری میموری (RAM) اور ورچوئل میموری کے درمیان فرق کر سکیں۔
- پروسیس اور تھریڈ کی تعریف کر سکیں، اور وضاحت کر یں کہ تھریڈز ایک پروسیس کے اندر وسائل کو کیسے شیئر کرتے ہیں۔
- مثالیں دیں کہ کس طرح ملٹی تھریڈنگ (Multithreading) ایپلیکیشنز میں کارکردگی کو بہتر بناتی ہے۔
- سسٹم کال (System Call) کی تعریف کر سکیں اور اس کا مقصد اور اقسام کی وضاحت کر سکیں۔
- فائل سسٹم، فائلیں، فولڈرز، اور میٹا ڈیٹا کی تعریف کر سکیں، اور ڈیٹا کو منظم کرنے میں ان کے کردار کی وضاحت کر سکیں۔
- یہ اجزا مل کر کس طرح صارف کی درخواست کو ڈیوائس سے سرور تک اور پھر واپس پراسیس کرتے ہیں، کی وضاحت کر سکیں۔

## انشائی طرز سوالات

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual) کی روشنی میں مرتب کیے گئے انشائی طرز سوالات

### تعارف

**سوال: آپ آپریٹنگ سسٹم کے بنیادی تصورات کی وضاحت کیسے کریں گے؟**

**جواب:** یہ باب آپریٹنگ سسٹم کے بنیادی افعال اور ساخت کی وضاحت کرے گا۔ آپریٹنگ سسٹم کو بنیادی سافٹ ویئر کے طور پر جانا جاتا ہے جو کمپیوٹر ہارڈ ویئر کی تمام سرگرمیوں، ان کے عمل اور کام کاج کا انتظام کرتا ہے اور صارفین کے لیے ہموار تعامل کو ممکن بناتا ہے۔ اس بحث میں درج ذیل امور کا احاطہ کیا جائے گا:

- **آپریٹنگ سسٹم کا ڈھانچہ:** کمپیوٹر کے مرکزی کنٹرولر کے طور پر اس کا کردار، پراسیس مینجمنٹ کے بنیادی تصورات جیسے:

- **بنیادی تصورات:** عمل کی زندگی کا دورانیہ (Process Lifecycle)، کثیر کام کرنے کی صلاحیت (Multitasking)، ہم عصری (Concurrency)، اور نظامت (Scheduling)۔
- **ہارڈ ویئر اور وسائل:** میموری کا نظم (Memory Management)، کثیر دھاگہ کاری (Multithreading)، اور ہارڈ ویئر وسائل تک محفوظ رسائی کے لیے سسٹم کالز (System Calls) کا استعمال۔
- **تنظیم اور آپریٹنگ سسٹم کی اقسام:** فائل سسٹم کی تنظیم (Organization File System) اور آپریٹنگ سسٹم کی اہم اقسام، جن میں ریئل ٹائم (Real-time)، ایمبیڈڈ (Embedded)، نیٹ ورک (Network)، اور موبائل آپریٹنگ سسٹم (OSMobile) شامل ہیں۔

## 1.1 آپریٹنگ سسٹم کا تعارف

**سوال 1: آپریٹنگ سسٹم کیا ہے؟ آپریٹنگ سسٹم کے بنیادی مقاصد کیا ہیں؟ نیز مقبول آپریٹنگ سسٹمز کی کچھ مثالیں دیں۔**

**جواب:** آپریٹنگ سسٹم (OS) سسٹم سافٹ ویئر کی ایک قسم ہے جو تار یا بغیر تار کے ذریعے منسلک کمپیوٹر ہارڈ ویئر کی تمام سرگرمیوں کو سہولت فراہم کرتا ہے اور ان کا انتظام کرتا ہے۔ یہ ایپلیکیشن سافٹ ویئر کے عمل درآمد کا بھی انتظام کرتا ہے اور صارف کے لیے انٹرفیس مہیا کرتا ہے۔

**آپریٹنگ سسٹم کے مقاصد:** آپریٹنگ سسٹم کمپیوٹر سسٹم کے مرکزی کنٹرولر کا کام کرتا ہے۔ یہ خاص طور پر کثیر الصارف (multi-user) ماحول میں صارف اور ہارڈ ویئر اجزاء کے درمیان ہموار اور محفوظ تعامل کو یقینی بناتا ہے۔

**مقبول آپریٹنگ سسٹمز:**

- ونڈوز (Windows)
- میک او ایس (macOS)
- لینکس (Linux)
- اینڈرائیڈ (Android)
- آئی او ایس (iOS)

**سوال نمبر 2: آپریٹنگ سسٹم کو مرکزی نظام کا کنٹرولر کیوں کہا جاتا ہے؟ نیز صارف اور ہارڈ ویئر کے درمیان تعامل میں OS کا کردار بیان کریں۔**

**جواب:** آپریٹنگ سسٹم کو مرکزی نظام کا کنٹرولر اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ یہ فیصلہ کرتا ہے کہ جب زیادہ پروسیسز آئیں تو کون سا کام پہلے کیا جائے، کمپیوٹر کی میموری کیسے استعمال ہو، اور کسی مقررہ وقت پر کون سے آلات (جیسے پرنٹر یا اسپیکر) فعال ہوں۔ آپریٹنگ سسٹم اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ اگر ایک ساتھ متعدد کام چل رہے ہوں تو کمپیوٹر آسانی اور مؤثر طریقے سے کام کرتا رہے۔

**صارف اور ہارڈ ویئر کے درمیان تعامل میں کردار:** کمپیوٹر ہارڈ ویئر خود انسانی زبان کو نہیں سمجھ سکتا۔ آپریٹنگ سسٹم صارف کی ایپلیکیشن اور ہارڈ ویئر اجزاء کے درمیان مترجم کا کام کرتا ہے۔ اس سے لوگ ہارڈ ویئر کے کام کرنے کا طریقہ سیکھے بغیر آسانی سے کمپیوٹر استعمال کر سکتے ہیں۔

**مثال:** اگر آپ اپنے سسٹم یونٹ کے ساتھ نیا پرنٹر منسلک کرتے ہیں، تو ونڈوز OS اس کا ڈرائیور انسٹال کر کے ڈیوائس کو استعمال کے لیے تیار کر دیتا ہے۔

**سوال 3: ملٹی یوزر (multi-user) ماحول میں آپریٹنگ سسٹم کی ذمہ داریاں بیان کریں۔ صارف اکاؤنٹس کیسے تخلیق اور ان کا نظم کیا جاتا ہے؟**

**جواب:** آج کے دور میں خاص طور پر آن لائن نظاموں میں، زیادہ لوگ ایک ہی آپریٹنگ سسٹم تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں، جس سے ایسے آپریٹنگ سسٹم کی ضرورت ہوتی ہے جو ملٹی یوزر ماحول کا نظم کر سکے۔ ملٹی یوزر ماحول میں، OS یقینی بناتا ہے:

- **صارف اکاؤنٹس:** الگ الگ صارف اکاؤنٹس کی تخلیق اور نظم۔
- **رازداری:** ہر صارف کی فائلوں اور معلومات کو نجی رکھنا۔
- **وسائل کا انتظام:** کمپیوٹر کے وسائل کو منصفانہ طور پر تقسیم کرنا تاکہ کوئی بھی صارف نظام کی کارکردگی کو سست نہ کر دے۔
- **غیر مجاز رسائی:** مشترکہ وسائل کو غیر مجاز رسائی سے بچانا۔

**صارف اکاؤنٹس کی تخلیق اور نظم:** آپریٹنگ سسٹم آپ کو مختلف صارفین کے لیے مختلف ونڈوز اکاؤنٹس تخلیق اور ان کا نظم کرنے کی سہولت دیتا ہے۔ ہر صارف کا اپنا ڈیسک ٹاپ، فائلیں، سیٹنگز، اور پاس ورڈ ہوتا ہے۔

www.ilmkidunya.com

**مثال:** کمپیوٹر لیب میں، طلبہ اسکول کی طرف سے فراہم کردہ صارف نام اور پاس ورڈ کے ساتھ لاگ ان کرتے ہیں۔اس سے ہر طالب علم کا کام الگ اور پرائیویٹ رہتا ہے۔

**نیا اکاؤنٹ تخلیق کرنے کا طریقہ کار:** نیا اکاؤنٹ سیٹنگز یا کنٹرول پینل کے ذریعے تخلیق کیا جاسکتا ہے۔

- ونڈوز سیٹنگ سے کنٹرول پینل کھولیں۔
- یوزر اکاؤنٹس (User Accounts) کو منتخب کریں۔
- نیا صارف شامل کریں (User Add New) پر کلک کریں۔
- صارف نام، پاس ورڈ، اور اکاؤنٹ کی قسم (Guest، Administrative، Standard) جیسی تفصیلات درج کریں۔
- تخلیق (Create) پر کلک کریں۔

مذکورہ تفصیلات کے ساتھ نیا صارف اکاؤنٹ تخلیق ہوجاتا ہے۔اب آپ سسٹم دوبارہ شروع کر کے اسے چیک کر سکتے ہیں۔

## 1.2 آپریٹنگ سسٹم کا آرکیٹیکچر

**سوال 4: آپریٹنگ سسٹم کے ڈھانچے (architecture) کی وضاحت کریں نیز آپریٹنگ سسٹم کے بنیادی تصورات کرنل (Kernel) اور شیل (Shell) کو بھی بیان کریں۔**

**جواب:** آپریٹنگ سسٹم کا ڈھانچہ (architecture) اس طریقے کو بیان کرتا ہے کہ OS کے مختلف حصے کس طرح منظم ہیں اور وہ کس طرح مل کر کام کرتے ہیں۔ ہر حصے کا ایک مخصوص کام ہوتا ہے جس کے لیے اسے ڈیزائن کیا گیا ہے، اور مل کر وہ کمپیوٹر کو آسانی سے کام کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ OS کا بنیادی مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ تمام عمل اور ان کا اجراء آسانی اور موثر طریقے سے ہو۔

**کرنل (Kernel):** کرنل آپریٹنگ سسٹم کا مرکزی حصہ ہے۔ یہ کمپیوٹر کے سسٹم سافٹ ویئر، ایپلیکیشن سافٹ ویئر اور ہارڈ ویئر جیسے سی پی یو، میموری اور دیگر آلات کو براہ راست کنٹرول کرتا ہے۔ یہ فیصلہ کرتا ہے کہ مختلف پروگرام سسٹم کے وسائل کو کس طرح اور کب استعمال کر سکتے ہیں۔

مثال: جب آپ کوئی فائل کھولتے ہیں، تو کرنل اسے ہارڈ ڈرائیو سے پڑھ کر اسکرین تک بھیجنے کے عمل کا انتظام کرتا ہے۔

**شیل (Shell):** شیل آپریٹنگ سسٹم کی ڈیسک ٹاپ اسکرین ہوتی ہے جو صارف کے ساتھ پوائنٹنگ ڈیوائسز یا کی بورڈ کے ذریعے تعامل کرتی ہے۔ یہ صارف سے کمانڈز وصول کرتی ہے اور انہیں کرنل تک پہنچاتی ہے۔شیل کی دو اقسام ہیں:

**اقسام:**

-1 **گرافیکل شیل (Graphical Shell):** یہ ایک گرافیکل انٹرفیس ہوتا ہے جیسے ایم ایس ونڈوز، جہاں آپ پوائنٹنگ ڈیوائسز جیسے ماؤس یا ٹچ اسکرین کے ذریعے آئیکنز پر کلک کرتے ہیں اور مینیوز استعمال کرتے ہیں۔

-2 **کمانڈ لائن شیل (Command-line Shell):** یہ ایک کمانڈ لائن انٹرفیس ہوتا ہے جیسے ایم ایس ڈاس یا کمانڈ پرامپٹ، جہاں آپ کی بورڈ کے ذریعے ہدایات ٹائپ کرتے ہیں۔

| گرافیکل شیل | کمانڈ لائن شیل |
|---|---|
| -1 یہ گرافیکل یوزر انٹرفیس (GUI) پر مبنی ہوتا ہے۔ | -1 یہ کمانڈ لائن انٹرفیس (CLI) پر مبنی ہوتا ہے۔ |
| -2 اس میں آئیکنز، مینیوز اور بٹن ہوتے ہیں جو پوائنٹنگ ڈیوائسز سے کنٹرول ہوتے ہیں۔ | -2 اس میں کمانڈز ہوتی ہیں جنہیں یاد رکھا جاتا ہے اور کی بورڈ سے ٹائپ کیا جاتا ہے |
| -3 استعمال میں آسان | -3 استعمال میں مشکل |

www.ilmkidunya.com




**شکل 1.1:** آپریٹنگ سسٹم میں صارف، شیل، اور کرنل کے درمیان تعلق کو ظاہر کرنے والی ڈایاگرام

## سوال 5: آپریٹنگ سسٹم کی لیئرز (layers) اور ماڈیولز کی وضاحت کریں۔

**جواب:** زیادہ تر آپریٹنگ سسٹمز خصوصاً ایم ایس ونڈوز میں، مجموعی ڈیزائن کو مختلف تہوں (layers) میں تقسیم کیا جاتا ہے، جہاں ہر تہہ کا ایک مخصوص کام ہوتا ہے۔ ہر تہہ اپنے نیچے والی تہہ پر منحصر ہوتی ہے۔ یہ ڈیزائن آپریٹنگ سسٹم کو زیادہ آسانی سے منظّم، مرمت، اور بہتر بنانے کے قابل بناتا ہے بغیر پورے نظام کو تبدیل کیے۔

**لیئرز کی اقسام:**

**نچلی لیئرز (Lower Layer):** یہ تہہ براہ راست ہارڈ ویئر آلات جیسے سی پی یو، ریم، اور اسٹوریج (ہارڈ ڈسک) کے ساتھ کام کرتی ہے۔

**درمیانی لیئرز (Middle Layer):** یہ تہہ ایک ساتھ چلنے والے متعدد کاموں کے لیے تمام وسائل کا انتظام کرتی ہے اور اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ پروگرام ضرورت پڑنے پر انہیں استعمال کر سکیں۔

**بالائی لیئرز (Upper Layer):** یہ تہہ ایپلیکیشن سافٹ ویئر چلاتی ہے اور وہ انٹرفیس مہیا کرتی ہے جو صارف کو اسکرین پر نظر آتا ہے۔

**مثال:** اسکول لیب کے نیٹ ورک کو آپریٹنگ سسٹم کی لیئرز آرکیٹیکچر کو سمجھنے کے لیے بطور مثال استعمال کیا جا سکتا ہے:

- **تاروں اور موڈیمز:** بنیاد پر کام کرتے ہیں، مختلف آلات کے ذریعے کنیکٹیویٹی اور سگنل کی شناخت فراہم کرتے ہیں۔
- **نیٹ ورک سافٹ ویئر:** وسائل اور دیگر نیٹ ورک نوڈز کا انتظام کرتا ہے (جیسے درمیانی لیئر میموری اور اسٹوریج کا انتظام کرتی ہے)۔
- **آپریٹنگ سسٹم:** ان انتظامات کو استعمال کرتے ہوئے ہر کمپیوٹر یا نوڈ کو تمام خصوصیات فراہم کرتا ہے (جیسے بالائی لیئر ایپلیکیشنز چلاتی ہے اور صارفین کے ساتھ تعامل کرتی ہے)۔

## سوال 6: سسٹم لائبریریز (System Libraries) کیا ہیں؟ نیز ایک مثال دیں۔ ڈیوائس ڈرائیورز (Device Drivers) کی تعریف کریں۔

**جواب:** **سسٹم لائبریریز (System Libraries):**

سسٹم لائبریریز تیار شدہ ہدایات کے مجموعے ہیں جنہیں پروگرام عام کاموں کو انجام دینے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں، جیسے فائلیں کھولنا یا اسکرین پر متن دکھانا۔

**مثال:** جب فوٹو ایڈیٹنگ ایپلیکیشن کو کوئی تصویر کھولنی ہوتی ہے، تو وہ فائل کو پڑھنے کے لیے آپریٹنگ سسٹم کی لائبریری استعمال کرتی ہے۔ اس طرح، ایپلیکیشن کو تصاویر کھولنے کے لیے اپنا طریقہ خود تخلیق کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔

www.ilmkidunya.com

**ڈیوائس ڈرائیورز (Device Drivers):** ڈیوائس ڈرائیورز خصوصی پروگرام ہوتے ہیں جو آپریٹنگ سسٹم کو ہارڈویئر آلات جیسے پرنٹرز، کی بورڈز، اور گرافکس کارڈز کے ساتھ بات چیت کرنے کے قابل بناتے ہیں۔

**سرگرمی**

**مقصد:** اپنے کمپیوٹر کے ذریعے استعمال ہونے والے شیل، ڈیوائس ڈرائیور، اور سسٹم لائبریری کی نشاندہی کرنا۔

**مراحل:**

1- اپنے کمپیوٹر پر شیل کو تلاش کریں (ڈیسک ٹاپ یا کمانڈ لائن)۔

2- ڈیوائس مینیجر (ونڈوز) یا سسٹم انفارمیشن (میک/لینکس) کھولیں۔

3- ایک ہارڈویئر ڈیوائس (مثلاً پرنٹر، کی بورڈ) تلاش کریں اور اس کے ڈرائیور کا نام نوٹ کریں۔

4- ایک سادہ پروگرام (مثلاً کیلکولیٹر) کھولیں اور اس کے ذریعے انجام پانے والے ایک کام کی نشاندہی کریں جو ممکنہ طور پر سسٹم لائبریری استعمال کرتا ہو (مثلاً نمبر ظاہر کرنا)۔

5- اپنی تحقیق کو درج ذیل کالموں والی جدول میں درج کریں:

- OS جزو (شیل/ڈیوائس ڈرائیور/سسٹم لائبریری)
- آپ کی مثال (مثلاً ونڈوز ڈیسک ٹاپ، ایچ پی پرنٹر ڈرائیور، کیلکولیٹر ایپ)
- مقصد/کردار (یہ نظام میں کیا کرتا ہے)

**تحقیق کی جدول (Findings Table of):**

**حل (Solution)**

| OS جزو | آپ کی مثال | مقصد/کردار |
|---|---|---|
| شیل (Shell) | ونڈوز ڈیسک ٹاپ (GUI) | آپریٹنگ سسٹم کے ساتھ تعامل، ایپلیکیشنز شروع کرنے اور فائلوں کو منظم کرنے کے لیے مرکزی گرافیکل یوزر انٹرفیس فراہم کرتا ہے۔ |
| ڈیوائس ڈرائیور (Device Driver) | 'DeviceKeyboardHID' ڈرائیور | آپریٹنگ سسٹم کو منسلک کی بورڈ سے بات چیت کرنے اور ان پٹ حاصل کرنے کے قابل بناتا ہے۔ |
| سسٹم لائبریری (System Library) | کیلکولیٹر ایپ (نمبر ظاہر کرنا) | اسکرین پر نمبر اور بٹن دکھانے کے لیے سسٹم کی گرافکس لائبریری (جیسے +GDI یا DirectX) استعمال کرتی ہے، بجائے اس کے کہ اپنا طریقہ خود ترتیب دے۔ |

## 1.3 آپریٹنگ سسٹم میں پروسیس مینجمنٹ

**سوال 7: آپریٹنگ سسٹم میں پروسیس مینجمنٹ (Process Management) کیا ہے؟ نیز پروسیس (Process) اور وسائل (Resources) کی تعریف کریں۔**

**جواب:** پروسیس مینجمنٹ میں، آپریٹنگ سسٹم کمپیوٹر پر چلنے والے تمام پروگرامز (سسٹم یا ایپلیکیشن) کے انتظام کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ پروسیس مینجمنٹ آپریٹنگ سسٹم کے اہم ترین کاموں میں سے ایک ہے کیونکہ یہ یقینی بناتا ہے کہ تمام پروسیسز ایک دوسرے کو متاثر کیے بغیر آسانی سے چلیں۔

**مثال:** فرض کریں کہ آپ انٹرنیٹ براؤز کر رہے ہیں اور ساتھ ہی موسیقی سن رہے ہیں، تو آپریٹنگ سسٹم پس منظر میں چلنے والی تمام ایپلیکیشنز سمیت

www.ilmkidunya.com

دونوں پروسیسز کا انتظام کرتا ہے۔

**پروسیس (Process):** پروسیس ایک پروگرام (یا ایپلیکیشن) ہوتا ہے جو اس وقت میموری میں لوڈ ہوتا ہے اور کمپیوٹر کے سی پی یو کے ذریعے اس پر عمل کیا جا رہا ہوتا ہے۔ یہ اپنی مخصوص مختص کردہ میموری کی جگہ، حالت، اور سسٹم کے وسائل کی نمائندگی کرتا ہے۔ آپریٹنگ سسٹم پروسیسز کا انتظام اور نظامت کرتا ہے تاکہ وہ مؤثر طریقے سے چلیں، یہاں تک کہ جب ایک ساتھ متعدد پروگرام فعال ہوں۔

**وسائل (Resources):** وسائل کمپیوٹر سسٹم کے طبعی (physical) یا مجازی (virtual) اجزاء ہیں جو کسی پروسیس کو عمل کرنے کے لیے درکار ہوتے ہیں۔ ان میں شامل ہیں:

- سی پی یو کا وقت (CPU time)- حساب کتاب اور کاموں کی تکمیل کے لیے۔
- میموری (RAM)- پروگرام کوڈ اور ڈیٹا کو چلتے وقت ذخیرہ کرنے کے لیے۔
- I/O آلات (I/O devices)- جیسے کی بورڈ، ماؤس، پرنٹر، یا نیٹ ورک تک رسائی۔
- ذخیرہ جگہ (Storage space)- فائلیں پڑھنے اور لکھنے کے لیے۔

**سوال 8: پروسیس لائف سائیکل (Process Life Cycle) کیا ہے؟ اپنے جواب کی تائید کے لیے مثال دیں۔**

**جواب:** ایک پروسیس اپنی زندگی کے دوران کئی مراحل سے گزرتا ہے۔ پروسیس لائف سائیکل کے مراحل درج ذیل ہیں:

**-1 تخلیق (Creation):**

- یہ مراحل ایم ایس ورڈ جیسی ایپلیکیشن شروع کرنے کے لیے ہوتے ہیں۔
- OS پروگرام کو میموری میں لوڈ کرتا ہے اور اسے درکار وسائل (جیسے CPU وقت اور میموری) فراہم کرتا ہے۔

**-2 عمل (Execution):**

- پروسیس سی پی یو کے ذریعے فعال طور پر چل رہی ہوتی ہے اور مؤثر طریقے سے کام انجام دے رہی ہوتی ہے۔

**-3 خاتمہ (Termination):**

o پروسیس اپنا کام مکمل کر لیتی ہے اور صارف یا سسٹم کے ذریعے بند کر دی جاتی ہے۔

o OS وسائل کو آزاد کر دیتا ہے تاکہ دوسری پروسیسز انہیں استعمال کر سکیں۔

**مثال:** اپنے موبائل یا کمپیوٹر پر ویب براؤزر (جیسے Google Chrome) کھولنے کا پروسیس لائف سائیکل۔

-1 **تخلیق:** اس وقت شروع ہوتی ہے جب صارف براؤزر کے آئیکن پر کلک کرتا ہے۔ آپریٹنگ سسٹم پروگرام کو میموری میں لوڈ کرتا ہے اور درکار وسائل مختص کرتا ہے۔

-2 **عمل:** براؤزر ویب صفحات لوڈ کرنے، میڈیا دکھانے، اور صارف کے اعمال کا جواب دینے جیسے کام انجام دیتا ہے۔

-3 **خاتمہ:** اس وقت ہوتا ہے جب براؤزر بند کر دیا جاتا ہے۔ آپریٹنگ سسٹم پروسیس کو روک دیتا ہے اور اس کے وسائل کو دوسرے استعمال کے لیے آزاد کر دیتا ہے۔

**سوال 9: ملٹی ٹاسکنگ (Multitasking) اور ہم آہنگی (Concurrency) سے کیا مراد ہے؟ نیز ان کے درمیان فرق لکھیں۔**

**جواب:** جدید آپریٹنگ سسٹمز اتنے مؤثر طریقے سے بہت سی پروسیسز کا انتظام کر سکتے ہیں کہ ایسا لگتا ہے جیسے وہ سب ایک ساتھ چل رہی ہوں۔

**ملٹی ٹاسکنگ (Multitasking):** آپریٹنگ سسٹم ایک صارف کو ایک سے زیادہ پروگرام بیک وقت کھولنے اور استعمال کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ آپ جب ضرورت ہو آسانی سے ان کے درمیان سوئچ کر سکتے ہیں۔

**مثال:** آپ موسیقی سن سکتے ہیں، ایک دستاویز کھلی رکھ سکتے ہیں، اور انٹرنیٹ براؤز کر سکتے ہیں، جیسے ضرورت ہو ان کے درمیان منتقل ہو سکتے ہیں۔

www.ilmkidunya.com

**ہم آہنگی (Concurrency):** ہم آہنگی میں، آپریٹنگ سسٹم میں ایک سے زیادہ پروسیسز ایک ہی وقت میں فعال (activated) ہوتی ہیں، لیکن CPU ان پر انتہائی تیز رفتاری سے ایک کے بعد ایک عمل کرتا ہے۔

**مثال:** آپ سنگل کور CPU والا کمپیوٹر استعمال کر رہے ہیں۔ آپ کے پاس تین پروگرام ایک ساتھ 'چل' رہے ہیں اور تینوں بیک وقت فعال (concurrently) ہیں۔

| ملٹی ٹاسکنگ (Multitasking) | ہم آہنگی (Concurrency) |
|---|---|
| ایک صارف کو ایک سے زیادہ پروگرام بیک وقت کھولنے اور استعمال کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ | ایک سے زیادہ پروسیسز آپریٹنگ سسٹم میں ایک ہی وقت میں فعال ہوتی ہیں، لیکن CPU ان پر ایک کے بعد ایک عمل کرتا ہے۔ |
| صارف مختلف پروگرامز کو دیکھ اور استعمال کر سکتا ہے۔ | متعدد پروگرام پس منظر میں چل رہے ہوتے ہیں لیکن صارف صرف وہی دیکھ سکتا ہے جو اس وقت اسکرین پر فعال ہے۔ |
| ملٹی ٹاسکنگ سنگل کور اور ملٹی کور دونوں CPUs کو سپورٹ کرتی ہے۔ | کنکرنسی صرف سنگل کور CPU کو سپورٹ کرتی ہے۔ |

## سوال 10: پروسیس شیڈیولنگ (Process Scheduling) کیا ہے؟ نیز فرسٹ کم فرسٹ سروڈ (First Come First Served) تصور کی وضاحت کریں۔

**جواب:** جب ایک ہی وقت میں بہت سی پروسیسز زیرِ عمل ہو سکتی ہیں اور CPU ان پر بہت تیزی سے باری باری کام کرتا ہے، تو CPU فیصلہ کرتا ہے کہ کون سی پروسیس پہلے چلے اور ہر پروسیس کتنی دیر تک چلے۔ اس عمل کو شیڈیولنگ کہتے ہیں۔ CPU تمام پروسیسز کو ایک ساتھ نہیں چلا سکتا، اس لیے آپریٹنگ سسٹم کو یہ فیصلہ کرنا ہوتا ہے کہ کون سا شیڈیولنگ طریقہ استعمال کیا جائے۔ شیڈیولنگ کے کئی طریقے ہیں جن میں سے ایک فرسٹ کم فرسٹ سروڈ (FCFS) شیڈیولنگ طریقہ ہے۔

**فرسٹ کم فرسٹ سروڈ شیڈیولنگ (FCFS):** FCFS طریقے میں، CPU کاموں کو بالکل اسی ترتیب میں پروسس کرتا ہے جس میں وہ آتے ہیں۔ پہلے آنے والی پروسیس پہلے مکمل ہوتی ہے، اور اگلی پروسیس صرف اس وقت شروع ہوتی ہے جب پچھلی مکمل ہو جائے۔

**مثال:** دکان کے کاؤنٹر پر قطار کی طرح، قطار میں پہلا گاہک پہلے سرو کیا جاتا ہے، پھر اگلا، وغیرہ۔

## سوال 11: FCFS طریقے کی ایک مثال کے ذریعے وضاحت کریں۔

**جواب:** آئیے کچھ آسان ڈیٹا استعمال کرتے ہیں تاکہ دیکھ سکیں کہ FCFS شیڈیولنگ عملی طور پر کیسے کام کرتی ہے۔

| درکار وقت (Time Needed) | آمد کا وقت (Arrival Time) | Process ID |
|---|---|---|
| 5 سیکنڈ | 0 سیکنڈ | P1 |
| 3 سیکنڈ | 1 سیکنڈ | P2 |
| 2 سیکنڈ | 2 سیکنڈ | P3 |

**حل:**

**مرحلہ وار وضاحت:**

1- **0 سیکنڈ پر**

- P1 پہلے آتا ہے، لہٰذا یہ فوراً چلنا شروع کر دیتی ہے۔
- اسے مکمل ہونے کے لیے 5 سیکنڈ درکار ہیں۔
- یہ 0s سے 5s تک چلتی ہے۔

www.ilmkidunya.com

2- 1 سیکنڈ پر:
- P2 آتی ہے جب P1 ابھی چل رہی ہوتی ہے، لہذا P2 انتظار کرتی ہے۔

3- 2 سیکنڈ پر:
- P3 آتی ہے، لیکن P1 ابھی چل رہی ہوتی ہے اور P2 پہلے سے انتظار میں ہوتی ہے۔
- FCFS میں، P3 بھی انتظار کرے گی جب تک P1 اور P2 دونوں مکمل نہ ہو جائیں۔

4- 5 سیکنڈ پر:
- P1 مکمل ہو جاتی ہے۔
- CPU اب P2 شروع کرتا ہے، جسے مکمل ہونے کے لیے 3 سیکنڈ درکار ہیں۔
- P2 5s سے 8s تک چلتی ہے۔

5- 8 سیکنڈ پر:
- P2 مکمل ہو جاتی ہے۔
- CPU اب P3 شروع کرتا ہے، جسے 2 سیکنڈ درکار ہیں۔
- P3 8s سے 10s تک چلتی ہے۔

**عمل کی ٹائم لائن (Execution Timeline):**

[P1: 0-5] → [P2: 5-8] → [P3: 8-10]

| وقت (s) | 0 - 5s | 5s - 8s | 8s - 10s |
|---|---|---|---|
| چلنے والی پروسیس | P1 | P2 | P3 |

**مشاہدہ:** اگرچہ P3 کی مدت سب سے کم (صرف 2 سیکنڈ) ہے، پھر بھی اسے P1 اور P2 کے مکمل ہونے تک انتظار کرنا پڑتا ہے کیونکہ وہ پہلے آئی تھیں۔ یہ FCFS کی ایک اہم خصوصیت ہے: چھوٹے کاموں میں تاخیر ہو سکتی ہے اگر وہ بڑے کاموں کے بعد آئیں۔

## سوال 12: FCFS کے فوائد اور نقصانات بیان کریں۔

**جواب: فوائد (Advantages):**
- سمجھنے اور لاگو کرنے میں آسان۔
- پروسیسز بالکل اسی ترتیب میں سروکی جاتی ہیں جس میں وہ آتی ہیں۔
- کوئی بھی پروسیس چھوڑی نہیں جاتی۔

**نقصانات (Disadvantages):**
- چھوٹی پروسیسز کو طویل انتظار کرنا پڑ سکتا ہے اگر وہ قطار میں لمبی پروسیسز کے پیچھے لگ جائیں۔
- یہ نظام کی مجموعی کارکردگی کو متاثر کر سکتا ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

آپ کے کمپیوٹر کا CPU صرف ایک سیکنڈ میں لاکھوں بار پروسیسز کے درمیان سوئچ کر سکتا ہے۔ یہ اتنی تیزی سے ہوتا ہے کہ آپ موسیقی سُن سکتے ہیں، ویب براؤز کر سکتے ہیں، اور فائلیں ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں سب ایک ساتھ۔

**سرگرمی**

**مقصد:** فرسٹ کم، فرسٹ سروڈ (FCFS) طریقے کا استعمال کرتے ہوئے پروسیسز کی ترتیب اور تکمیل کے اوقات کا تعین کرنا۔

www.ilmkidunya.com

مراحل:

1- درج ذیل پروسیسز پر غور کریں:

| ID Process | آمد کا وقت (Arrival Time) | درکار وقت (Time Needed) |
|---|---|---|
| P1 | 0s | 4s |
| P2 | 1s | 5s |
| P3 | 2s | 3s |

2- FCFS طریقے کے مطابق پروسیسز کو اس ترتیب میں ترتیب دیں جس میں وہ چلیں گی۔

3- ہر پروسیس کے لیے شروع اور ختم ہونے کا وقت معلوم کریں۔

سوالات کے جواب دیں:

- تمام پروسیسز کے ختم ہونے میں کل کتنا وقت لگا؟
- کس پروسیس کو سب سے زیادہ انتظار کرنا پڑا؟

حل: مرحلہ وار وضاحت:

1- 0 سیکنڈ پر:

- P1 پہلے آتی ہے، لہٰذا یہ فوراً چلنا شروع کر دیتی ہے۔
- اسے مکمل ہونے کے لیے 4 سیکنڈ درکار ہیں۔
- یہ 0s سے 4s تک چلتی ہے۔

2- 1 سیکنڈ پر:

- P2 آتی ہے جب P1 ابھی چل رہی ہوتی ہے، لہٰذا P2 انتظار کرتی ہے۔

3- 2 سیکنڈ پر:

- P3 آتی ہے، لیکن P1 ابھی چل رہی ہوتی ہے اور P2 پہلے سے انتظار میں ہوتی ہے۔
- FCFS میں، P3 بھی انتظار کرے گی جب تک P1 اور P2 دونوں مکمل نہ ہو جائیں۔

4- 4 سیکنڈ پر:

- P1 مکمل ہو جاتی ہے۔
- CPU اب P2 شروع کرتا ہے، جسے مکمل ہونے کے لیے 5 سیکنڈ درکار ہیں۔
- P2 4s سے 9s تک چلتی ہے۔

5- 9 سیکنڈ پر:

- P2 مکمل ہو جاتی ہے۔
- CPU اب P3 شروع کرتا ہے، جسے 3 سیکنڈ درکار ہیں۔
- P3 9s سے 12s تک چلتی ہے۔

عمل کی ٹائم لائن (Execution Timeline):

[P1: 0-4] → [P2: 4-9] → [P3: 9-12]

www.ilmkidunya.com

| وقت (s) | 0 - 4s | 4s - 9s | 9s - 12s |
| --- | --- | --- | --- |
| چلنے والی پروسیس | P1 | P2 | P3 |

**جوابات:**

-1 تمام پروسیسز کے ختم ہونے میں کل 12 سیکنڈ لگے۔

-2 اگرچہ P3 کی مدت سب سے کم (صرف 3 سیکنڈ) ہے، پھر بھی اسے P1 اور P2 کے مکمل ہونے تک انتظار کرنا پڑا کیونکہ وہ پہلے آئی تھیں۔

## 1.4 میموری

**سوال 13: میموری کیا ہے؟ نیز پرائمری اور ورچوئل میموری کی وضاحت کریں۔**

**جواب:** میموری کمپیوٹر سسٹم کا ایک بنیادی جزو ہے، جو پروسیسنگ کے لیے درکار ڈیٹا اور ہدایات کو محفوظ کرتی ہے۔ یہ یقینی بناتی ہے کہ پروگرام کے دوران سی پی یو (CPU) معلومات تک فوری رسائی حاصل کر سکے۔ کمپیوٹر میں استعمال ہونے والی میموری کی دو اہم اقسام ہیں:

-1 پرائمری میموری　　-2 ورچوئل میموری

**پرائمری میموری (RAM):**

- پرائمری میموری کو رینڈم ایکسیس میموری (RAM) بھی کہا جاتا ہے۔
- یہ کمپیوٹر کا مرکزی کام کرنے والا حصہ (ورکنگ ایریا) ہوتی ہے۔
- یہ تیز رفتار سٹوریج کا ذریعہ ہے۔
- کمپیوٹر اس میں ڈیٹا اور ہدایات کو عارضی طور پر رکھتا ہے۔
- جب کمپیوٹر بند کر دیا جائے تو اس کا ڈیٹا مٹ جاتا ہے، اسی لیے اسے غیر مستحکم میموری (وولیٹائل میموری) کہتے ہیں۔

**مثال:** جب آپ کوئی ورڈ دستاویز کھولتے ہیں، تو کمپیوٹر اس پروگرام اور دستاویز کو فوری طور پر RAM میں رکھ دیتا ہے تاکہ CPU فوری طور پر ان پر کام کر سکے۔

**ورچوئل میموری:**

- جب RAM بھر جاتی ہے تو آپریٹنگ سسٹم کمپیوٹر کی اسٹوریج ڈرائیو جیسے ہارڈ ڈرائیو (HDD)، سالڈ اسٹیٹ ڈرائیو (SSD) یا نان وولیٹائل میموری ایکسپریس (NVMe) کے کچھ حصے کو ورچوئل میموری کے طور پر استعمال کرتا ہے۔
- یہ اضافی جگہ عارضی RAM کا کام کرتی ہے۔
- اس سے ایک ساتھ زیادہ پروگرام چلانے میں مدد ملتی ہے۔
- اسٹوریج ڈرائیوز، RAM کے مقابلے میں کم ڈیٹا ٹرانسفر سپیڈ اور زیادہ رسائی کا وقت (ایکسیس ٹائم) رکھتی ہیں۔
- یہی وجہ ہے کہ ورچوئل میموری کے استعمال سے سسٹم کی کارکردگی کم ہو سکتی ہے۔

**ورچوئل میموری کے فوائد:**

جب ایک ساتھ کئی پروگرام کھلے ہوں تو آپریٹنگ سسٹم کم استعمال ہونے والے پروگراموں کے ڈیٹا کو ورچوئل میموری میں منتقل کر سکتا ہے۔ اس سے RAM میں ان پروگراموں کے لیے جگہ خالی ہو جاتی ہے جنہیں آپ اس وقت استعمال کر رہے ہوتے ہیں، تاہم اس عمل سے کم استعمال ہونے والے پروگراموں کے ردعمل کی رفتار سست ہو سکتی ہے۔

www.ilmkidunya.com

کیا آپ جانتے ہیں؟

پہلا پرسنل کمپیوٹر، IBM 5150 (1981)، صرف 16 KB RAM سے لیس تھا۔ اس کے برعکس، جدید DDR5 RAM ڈیٹا کو 50GB فی سیکنڈ سے زیادہ کی رفتار سے منتقل کر سکتی ہے، جس سے ایک مکمل ہائی ڈیفینیشن فلم کو ایک سیکنڈ سے بھی کم وقت میں کاپی کرنا ممکن ہو جاتا ہے۔

## 1.5 تھریڈز vs پروسیسرز

**سوال 14: پروسیس اور تھریڈ کے تصورات کی وضاحت کریں۔ نیز ان کے درمیان فرق تحریر کریں۔**

**جواب: پروسیس:**

- پروسیس ایک آزاد پروگرام ہوتا ہے جو اس وقت کمپیوٹر کے ذریعے عمل میں لایا جا رہا ہوتا ہے۔
- اس کی اپنی میموری اسپیس، سی پی یو کا وقت، اور دیگر وسائل (جیسے فائلیں یا نیٹ ورک کنکشن) ہوتے ہیں۔
- استحکام اور سیکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے پروسیسز ایک دوسرے سے الگ تھلگ (آئیسولیٹڈ) ہوتے ہیں۔
- ایک پروسیس میں مسائل کا عام طور پر دوسرے پروسیس پر اثر نہیں پڑتا۔

**مثال:** اگر آپ ویب براؤزر چلا رہے ہیں تو یہ مجموعی طور پر ایک پروسیس ہے۔

**تھریڈ:**

- دوسری طرف، تھریڈ کسی پروسیس کے اندر عمل کا سب سے چھوٹا اکائی (یونٹ) ہوتا ہے۔
- ایک ہی پروسیس کے اندر متعدد تھریڈز موجود ہو سکتے ہیں، جن میں سے ہر ایک مختلف کام انجام دیتا ہے۔
- ایک ہی پروسیس کے تمام تھریڈز ایک ہی میموری اور وسائل کو شیئر کرتے ہیں، لیکن آزادانہ طور پر کام کرتے ہیں۔

**مثال:** ویب براؤزر پروسیس کے اندر، مختلف تھریڈز ان کاموں کے لیے ذمہ دار ہوتے ہیں:

- ایک تھریڈ ویب پیج لوڈ کرنے اور اسے رینڈر (ظاہر) کرنے میں مصروف ہوتا ہے۔
- دوسرا تھریڈ آڈیو یا ویڈیو مواد چلا رہا ہوتا ہے۔
- تیسرا تھریڈ پس منظر میں فائلیں ڈاؤن لوڈ کر رہا ہوتا ہے۔

**سوال 15: ملٹی تھریڈنگ کیا ہے؟ نیز ملٹی تھریڈنگ کے فوائد بھی تحریر کریں۔**

**جواب:** ملٹی تھریڈنگ ایک آپریٹنگ سسٹم کی تکنیک ہے جو ایک ہی پروسیس کو ایک ساتھ متعدد کام انجام دینے کی اجازت دیتی ہے۔ ملٹی تھریڈنگ میں آپریٹنگ سسٹم اپنے کام کو تھریڈز نامی چھوٹے اکائیوں میں تقسیم کر دیتا ہے۔ ہر تھریڈ آزادانہ طور پر چلتا ہے لیکن اسی پروسیس کی میموری (RAM) اور وسائل کو شیئر کرتا ہے۔ ملٹی تھریڈنگ تیز رفتاری، بہتر ردعمل (ریسپانسیونس)، اور سسٹم وسائل کے موثر استعمال کو ممکن بناتی ہے۔

**ملٹی تھریڈنگ کے فوائد:**

- **بہتر کارکردگی:** تمام کاموں کو متعدد تھریڈز میں تقسیم کر کے بیک وقت (پیرلل) چلایا جا سکتا ہے۔ یہ پیچیدہ آپریشنز کو زیادہ تیزی سے مکمل ہونے دیتا ہے، جس سے مجموعی نظام کی کارکردگی بہتر ہوتی ہے۔
- **بہتر ردعمل:** ایپلیکیشنز اس وقت بھی جوابدہ رہتی ہیں جب کوئی ایک تھریڈ کسی مخصوص کام میں مصروف ہو۔
- **مثال:** ورڈ پروسیسر میں ایک تھریڈ مسلسل ٹائپنگ کی اجازت دیتا ہے جبکہ دوسرا تھریڈ پس منظر میں ہجے (اسپیلنگ) کی جانچ کرتا ہے۔
- **ہم آہنگی آپریشنز کے لیے معاونت:** متعدد کام ایک ہی مدت میں آگے بڑھ سکتے ہیں، جو خاص طور پر گیمز، ویڈیو ایڈیٹنگ، اور حقیقی وقت (ریئل ٹائم) مواصلاتی ٹولز جیسی ایپلیکیشنز میں اہم ہے۔

www.ilmkidunya.com

- **وسائل کا مؤثر استعمال:** تھریڈز اپنے بنیادی پروسیس کی میموری اور وسائل کو شیئر کرتے ہیں، جس کی وجہ سے علیحدہ پروسیسز بنانے کے مقابلے میں کم سسٹم وسائل درکار ہوتے ہیں۔

## 1.6 سسٹم کالز

### سوال 16: سسٹم کال کیا ہے؟ ایک مثال دیں۔

**جواب:**

- سسٹم کال ایک پروگرام کی طرف سے آپریٹنگ سسٹم کو کوئی مخصوص کام انجام دینے کے لیے کی گئی درخواست ہے۔
- پروگرام کوئی بھی کام براہ راست خود نہیں کر سکتا۔
- یہ یوزر پروگرامز اور کرنل کے درمیان پل کا کام کرتی ہیں۔
- یہ مختلف ایپلیکیشنز کو ہارڈ ویئر اور آپریٹنگ سسٹم کے بنیادی افعال تک محفوظ طریقے سے رسائی حاصل کرنے دیتی ہیں۔
- سسٹم کالز کے بغیر، پروگرام جو براہ راست ہارڈ ویئر کو کنٹرول کریں، غیر محفوظ اور پیچیدہ ہو سکتے ہیں۔

**مثال:** جب آپ ٹیکسٹ ایڈیٹر میں کوئی فائل محفوظ (سیو) کرتے ہیں تو پروگرام آپریٹنگ سسٹم کو ڈیٹا کو اسٹوریج ڈرائیو (جیسے ہارڈ ڈرائیو) پر لکھنے کے لیے سسٹم کال کا استعمال کرتا ہے۔

### سوال 17: سسٹم کالز کی تمام اقسام کی وضاحت کریں۔

**جواب:** سسٹم کالز کی اہم اقسام درج ذیل ہیں:

**Open:** پڑھنے یا لکھنے کے لیے فائل کو کھولتا ہے۔

**مثال:** موسیقی چلانے کے لیے میوزک فائل کو کھولنا۔

**Read:** فائل یا ان پٹ ڈیوائس سے ڈیٹا حاصل کرتا ہے۔

**مثال:** کسی دستاویز سے متن پڑھنا۔

**Write:** فائل یا آؤٹ پٹ ڈیوائس پر ڈیٹا بھیجتا ہے۔

**مثال:** کمپیوٹر میں تصویر محفوظ (سیو) کرنا۔

**Fork:** موجودہ پروسیس کی نقل بنا کر ایک نیا پروسیس تخلیق کرتا ہے۔

**مثال:** براؤزر میں نیا ٹیب کھولنا، جہاں آپریٹنگ سسٹم ایک اور پروسیس بنانے کے لیے فورک کا استعمال کر سکتا ہے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> لینکس اور میک او ایس (macOS) میں چند سو سسٹم کالز ہوتی ہیں، جبکہ ونڈوز تقریباً ۲ ہزار استعمال کرتا ہے۔ یہ سسٹم کالز فائلیں کھولنے سے لے کر ایپس چلانے اور گرافکس دکھانے تک ہر چیز کو سنبھالتی ہیں، یہ سب اس وقت ہوتا ہے جب آپ کام کر رہے ہوتے ہیں۔

## 1.7 فائل سسٹم کی ساخت اور انتظام

### سوال 18: فائل سسٹم کیا ہے؟ نیز فائل، فولڈر، میٹا ڈیٹا اور فائل سسٹم کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔

**جواب:** فائل سسٹم صارفین اور ایپلیکیشنز کے لیے اسٹوریج ڈیوائسز پر معلومات کو ذخیرہ کرنے، تلاش کرنے اور منظّم کرنے کا ایک منظّم طریقہ فراہم کرتا ہے۔ ایک اچھی طرح سے ڈیزائن کیا گیا فائل سسٹم یقینی بناتا ہے کہ ڈیٹا منظّم، محفوظ، اور آسانی سے قابل بازیافت رہے، یہاں تک کہ جب ہزاروں فائلیں موجود ہوں جن میں پیچیدہ ڈیٹا ہو۔

www.ilmkidunya.com

**فائلیں (Files):** فائل کمپیوٹر پر ذخیرہ کردہ متعلقہ ڈیٹا کا ایک مجموعہ ہوتی ہے۔ اس میں متن، تصاویر، آڈیو، ویڈیو، یا پروگرام کی ہدایات شامل ہو سکتی ہیں۔

**فولڈرز (Folders):** فولڈر، جسے ڈائریکٹری بھی کہا جاتا ہے، ایک کنٹینر ہوتا ہے جو فائلوں اور دیگر فولڈرز کو ایک منطقی ترتیب میں منظم کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے، جس سے معلومات کو تلاش کرنا اور ان کا نظم و نسق آسان ہو جاتا ہے۔

**میٹا ڈیٹا (Metadata):** میٹا ڈیٹا کسی فائل یا فولڈر کے بارے میں تفصیلات کو کہتے ہیں، جیسے اس کا نام، قسم، سائز، تخلیق کی تاریخ، اور آخری ترمیم کی تاریخ۔ یہ معلومات آپریٹنگ سسٹم اور صارف دونوں کو فائلوں اور فولڈرز کو بغیر کھولے پہچاننے اور ان کا نظم کرنے میں مدد دیتی ہیں۔

**فائل سسٹمز (File Systems):** فائل سسٹم وہ طریقہ ہے جس سے آپریٹنگ سسٹم کسی اسٹوریج ڈیوائس، جیسے ہارڈ ڈرائیو، ایس ایس ڈی، یا یو ایس بی پر فائلوں کو ذخیرہ اور منظم کرتا ہے۔ یہ فیصلہ کرتا ہے کہ ہر فائل کہاں رکھی جائے گی اور اس کا مقام محفوظ کر لیتا ہے تاکہ بعد میں اس تک رسائی حاصل کی جا سکے۔ کچھ وسیع پیمانے پر استعمال ہونے والے فائل سسٹمز درج ذیل ہیں:

- **FAT 32** یو ایس بی فلیش ڈرائیوز میں استعمال ہوتا ہے۔
- **NTFS** ونڈوز آپریٹنگ سسٹم استعمال کرتا ہے۔
- **APFS / HFS+** میک او ایس (macOS) استعمال کرتا ہے۔
- **EXT4** عام طور پر لینکس آپریٹنگ سسٹم استعمال کرتا ہے۔

**مثال:** جب آپ اپنے کمپیوٹر پر کوئی تصویر محفوظ (سیو) کرتے ہیں، تو فائل سسٹم یہ یقینی بناتا ہے کہ وہ صحیح جگہ پر محفوظ ہو اور جب آپ اسے کھولیں تو اسے معلوم ہو کہ اسے کہاں سے تلاش کرنا ہے۔

## 1.8 آپریٹنگ سسٹمز کی اقسام

**سوال 19: آپریٹنگ سسٹم کی اقسام کی ان کی اہم خصوصیات اور روزمرہ زندگی میں استعمال کے ساتھ وضاحت کریں۔**

**جواب: ریئل ٹائم آپریٹنگ سسٹم (RTOS):**

ریئل ٹائم آپریٹنگ سسٹم ڈیٹا پر کارروائی کرنے اور ایک سخت وقت کی حد (ڈیڈ لائن) کے اندر جواب دینے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ یہ وہاں استعمال ہوتا ہے جہاں معمولی سی تاخیر بھی سسٹم کی خرابی یا سنگین نتائج کا سبب بن سکتی ہے۔

**اہم خصوصیت:** یہ کاموں کو فوری طور پر پروسیس کرتا ہے جیسے ہی وہ آتے ہیں، بغیر طویل انتظار کے۔

**استعمالات:** یہ اہم نظاموں جیسے ایئر ٹریفک کنٹرول، دل کی نگرانی کرنے والے آلات، یا صنعتی روبوٹس میں استعمال ہوتا ہے۔

**ایمبیڈڈ آپریٹنگ سسٹم (EOS):** ایمبیڈڈ آپریٹنگ سسٹم ایک چھوٹا اور انتہائی مؤثر آپریٹنگ سسٹم ہوتا ہے جو کسی مخصوص ڈیوائس میں بنایا جاتا ہے تاکہ صرف ان افعال کو کنٹرول کر سکے جن کی اسے ضرورت ہوتی ہے۔ یہ عمومی مقاصد کے لیے نہیں ہوتا بلکہ ایک کام یا کاموں کے چھوٹے سیٹ کے لیے بہتر بنایا جاتا ہے۔

**اہم خصوصیت:** یہ بہت کم میموری اور پاور استعمال کرتا ہے، اور اکثر مستقل طور پر ڈیوائس کے اندر محفوظ ہوتا ہے۔

**استعمالات:** یہ گھریلو آلات (مائکرو ویو، واشنگ مشینیں)، پرنٹرز، سمارٹ ٹی وی، اور اے ٹی ایمز میں استعمال ہوتا ہے۔

**نیٹ ورک آپریٹنگ سسٹم (NOS):** نیٹ ورک آپریٹنگ سسٹم نیٹ ورک کے ذریعے منسلک متعدد کمپیوٹرز کا نظم و نسق کرتا ہے اور ان میں تعاون فراہم کرتا ہے۔ یہ صارفین کے درمیان فائلوں، پرنٹرز، اور انٹرنیٹ کنکشن جیسے وسائل کو شیئر کرنے کے قابل بناتا ہے، جیسے ونڈوز ملٹی پوائنٹ سرورز۔

**اہم خصوصیت:** یہ کمپیوٹرز کے درمیان مواصلات اور ہم آہنگی پر مرکوز ہوتا ہے۔

**استعمالات:** یہ دفاتر، اسکولوں، اور ڈیٹا سینٹرز میں استعمال ہوتا ہے۔

**موبائل آپریٹنگ سسٹم:** موبائل آپریٹنگ سسٹم اسمارٹ فونز، ٹیبلیٹس، اور دیگر ہینڈ ہیلڈ ڈیوائسز کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ یہ ٹچ اسکرین کے

www.ilmkidunya.com

استعمال، بیٹری کی بچت، اور موبائل ایپلیکیشنز کے لیے بہتر بنایا جاتا ہے۔

**اہم خصوصیت:** یہ وائرلیس ٹیکنالوجی، کیمرے، سینسرز اور ایپ اسٹورز کو سپورٹ کرتا ہے۔

**استعمالات:** یہ اسمارٹ فونز، ٹیبلیٹس، سمارٹ واچز میں استعمال ہوتا ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**

ابتدائی موبائل آپریٹنگ سسٹمز، جیسے سمبیئن (جو پرانے نوکیا فونز میں استعمال ہوتا تھا)، صرف چند چھوٹی ایپلیکیشنز چلا سکتے تھے۔ آج کے موبائل آپریٹنگ سسٹم پلیٹ فارمز جیسے اینڈرائیڈ اور آئی او ایس لاکھوں ایپلیکیشنز، تھری ڈی گیمز، اور یہاں تک کہ پیشہ ورانہ ویڈیو ایڈیٹنگ ٹولز کو چلانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

# معروضی طرز سوالات

## اضافی کثیرالانتخابی سوالات

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس (Knowledge, Understanding, Application, Analytical & Conceptual) کی روشنی میں مرتب کیے گئے کثیرالانتخابی سوالات

### تعارف

☆ **درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔**

**1- بنیادی سافٹ ویئر جو ہارڈ ویئر اور صارف کے درمیان تعامل کو منظم کرتا ہے:**

(A) سسٹم سافٹ ویئر (B) آپریٹنگ سسٹم (C) ونڈوز (D) لینکس (Linux)

**2- کمپیوٹر کا مرکزی کنٹرولر ہے:**

(A) ونڈوز (B) آپریٹنگ سسٹم (OS) (C) ایپلیکیشن سافٹ ویئر (D) ڈیوائس ڈرائیورز

### 1.1 آپریٹنگ سسٹم کا تعارف

**3- آپریٹنگ سسٹم کا بنیادی مقصد کیا ہے؟**

(A) کام کو ہموار طریقے سے یقینی بنانا (B) ہارڈ ویئر اور صارف کے درمیان محفوظ تعامل کو یقینی بنانا

(C) ملٹی یوزر ماحول فراہم کرنا (D) اوپر کے تمام

**4- صارف اور ہارڈ ویئر کے درمیان مترجم کا کام کون کرتا ہے؟**

(A) ونڈوز (B) لینکس (C) اینڈرائیڈ (Android) (D) تمام

**5- A کا بائنری کوڈ ہے:**

(A) $(01000001)_2$ (B) $(10100001)_2$ (C) $(01111111)_2$ (D) $(01111110)_2$

**6- مندرجہ ذیل میں سے کون سا OS کا کام نہیں ہے؟**

(A) صارف اکاؤنٹس کا انتظام کرنا (B) وسائل کو بانٹنا

(C) کیش (رقم/نقدی) کا انتظام کرنا (D) رسائی کی حفاظت کرنا

www.ilmkidunya.com

7- ملٹی یوزر OS کون سا ہے؟
(A) سافٹ ویئر انسٹال کرنا (B) ہارڈ ویئر کا انتظام کرنا
(C) ہر صارف کی فائل اور معلومات کو محفوظ رکھنا (D) یوٹیلیٹی پروگرام

8- ملٹی یوزر OS میں، مندرجہ ذیل میں سے کون سا فائدہ نہیں ہے؟
(A) ہر صارف کا اپنا پرنٹر ہوتا ہے (B) ہر کوئی وسائل تک رسائی حاصل کر سکتا ہے
(C) ہر صارف کی اپنی سیٹنگز ہوتی ہیں (D) اوپر کے تمام

9- نیا اکاؤنٹ بنایا جا سکتا ہے:
(A) ڈیسک ٹاپ کے ذریعے (B) آئیکنز کے ذریعے (C) کنٹرول پینل کے ذریعے (D) سٹارٹ مینیو کے ذریعے

10- کون لوگوں کو ہارڈ ویئر کے کام کرنے کے طریقے کو جانے بغیر کمپیوٹر استعمال کرنے کی اجازت دیتا ہے؟
(A) ڈیسک ٹاپ (B) آئیکنز (C) کنٹرول پینل (D) سٹارٹ مینیو

## 1.2 آپریٹنگ سسٹم کا آرکیٹیکچر

11- کمپیوٹر کا آرکیٹیکچر کس نے ڈیزائن کیا تھا؟
(A) چارلس بابیج (B) بل گیٹس (C) وون نیومن (D) جے جے تھامسن

12- OS کا بنیادی حصہ (partcore) ہے:
(A) کرنل (B) شیل (C) ونڈوز (D) اینٹی وائرس

13- OS کا بیرونی حصہ (partouter) ہے:
(A) کرنل (B) شیل (C) سی پی یو (D) ریم

14- صارف سے موصول ہونے والی کمانڈز پر کارروائی (process) کرتا ہے:
(A) کرنل (B) شیل (C) دونوں (D) کوئی نہیں

15- شیل کی کتنی اقسام ہیں؟
(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

16- مندرجہ ذیل میں سے کون سی لیئر براہ راست ہارڈ ویئر ڈیوائسز کے ساتھ کام کرتی ہے؟
(A) بالائی لیئر (layerUpper) (B) درمیانی لیئر (layerMiddle)
(C) نچلی لیئر (layerLower) (D) OS لیئر

17- مندرجہ ذیل میں سے کون سی پرت یوزر انٹرفیس اور دیگر اسکرین فیچرز فراہم کرتی ہے؟
(A) بالائی لیئر (layerUpper) (B) درمیانی لیئر (layerMiddle)
(C) نچلی لیئر (layerLower) (D) OS لیئر

18- کون سا پروگرام یا ہدایات OS کو ہارڈ ویئر کے ساتھ بات چیت کرنے کی اجازت دیتی ہیں؟
(A) بالائی لیئر (B) درمیانی لیئر (C) نچلی لیئر (D) OS لیئر

19- کمانڈ پرامپٹ یا ٹرمینل کو بھی کہا جاتا ہے:
(A) گرافیکل شیل (B) گرافیکل کرنل (C) کمانڈ لائن شیل (D) کمانڈ لائن کرنل

www.ilmkidunya.com

20- ریم یا سی پی یو رجسٹر جیسے وسائل کا انتظام کس کے ذریعے کیا جاتا ہے؟
(A) کرنل (B) شیل (C) ونڈوز (D) OS

## 1.3 آپریٹنگ سسٹم میں پروسیس مینجمنٹ

21- جب کوئی پروگرام OS میں چلتا ہے، تو اسے کہا جاتا ہے؟
(A) فچنگ (B) ڈیکوڈنگ (C) سٹورنگ (D) پروسیس

22- آپریٹنگ سسٹم کا سب سے اہم کام:
(A) پروٹوکول چلانا (B) اس بات کو یقینی بنانا کہ تمام پروسیس آسانی سے چلیں
(C) میموری کا انتظام کرنا (D) وائرس اسکین کرنا

23- پروسیس لائف سائیکل میں مراحل ہوتے ہیں:
(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

24- پروسیس کے کس مرحلے میں OS وسائل کو آزاد کرتا ہے تا کہ وہ دوسروں کے ذریعہ استعمال ہو سکیں؟
(A) تخلیق (B) ختم کرنا (C) عملدرآمد (D) اسٹوریج

25- ایک ہی وقت میں چلنے والے پروسیسز کہلاتے ہیں:
(A) ہم آہنگی (B) ملٹی ٹاسکنگ (C) پروسیس مینجمنٹ (D) ایگزیکیوشن

26- جب ایک کام ایک سے زیادہ پروسیسرز کے ذریعے انجام دیا جاتا ہے تو اسے کہا جاتا ہے؟
(A) ملٹی ٹاسکنگ (B) ملٹی پروسیسنگ (C) ملٹی تھریڈنگ (D) ملٹی مینجمنٹ

27- مندرجہ ذیل میں سے کون سی شیڈولنگ تکنیک ہے؟
(A) RR (B) FIFO (C) LIFO (D) FCFS

28- فرسٹ کم فرسٹ سروڈ کا فائدہ مندرجہ ذیل میں سے کون سا ہے؟
(A) چھوٹے کام میں تاخیر ہوتی ہے (B) تیار ہونے کا وقت کم
(C) آخری پہلے عمل میں آتا ہے (D) کوئی نہیں

29- بہت طویل انتظار کا وقت متاثر کر سکتا ہے:
(A) وقت کی حد (B) کارکردگی (C) لاگت (D) اوپر کے تمام

